© rasailojaraid.com



مقصدِ تالیف پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ ''اس رسالہ اور اس حقیر کوشش کا اور کوئی فائدہ ہو یا نہ ہو، لیکن یہ فائدہ ضرور ہوگا کہ جو طلبہ سند و متن کے ساتھ کچھ حدیثیں حفظ کرنا چاہیں گے انہیں یک گونہ سہولت ہوگی''۔ ساتھ ہی حجیتِ حدیث پر سوال اٹھانے والوں کے لیے بھی یہ کتاب مفید ہوگی۔

کتاب میں مذکور احادیث کی تشریح نہیں کی گئی ہے۔ اگر ان کی مختصر ہی سہی، شرح کر دی جاتی تو اس کی افادیت میں اضافہ ہوتا۔ احادیث کو فقہی ابواب کے تحت مرتب کیا گیا ہے، لیکن شروع یا آخر میں تفصیلی فہرست کی کمی محسوس ہوتی ہے۔

اس کتاب کے ذریعے فاضل مصنف نے علمِ حدیث کے میدان میں ایک اہم خدمت انجام دی ہے۔ اس کے لئے وہ قابلِ ستائش ہیں۔ ضرورت ہے کہ یہ کتاب زیادہ سے زیادہ عام ہو، خصوصاً عربی مدارس کے طلبہ، جن میں سند و متن کے ساتھ احادیث حفظ کرنے کی روایت تقریباً ختم ہو رہی ہے، اس طرف توجہ کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔

(محمد جرجیس کریمی)

**اسلامیات** مولانا عبدالبر اثری

ناشر: کوکن پبلیکیشنز ممبئی، سن اشاعت ۲۰۰۳ء، حصہ سوم، صفحات ۱۱۲، قیمت ۲۵ / روپئے، حصہ چہارم، صفحات ۱۲۰، قیمت ۳۰ / روپئے

بچے کو کسی چیز کی تعلیم زمانۂ طفولیت میں ہی دے دی جائے تو وہ اس کے ذہن میں پتھر کی لکیر کی طرح نقش ہو جاتی ہے۔ ہندوستان میں اسلام اور مسلمانوں کے اپنے تقاضے ہیں اور اسکول و کالج کی مقررہ نصابی کتابوں کے علاوہ بچوں کو اپنے عقیدہ و دین کی تعلیم دینا ضروری ہے، تاکہ وہ اس پر قائم رہ سکیں اور زندگی کے کسی مرحلے پر اسلام سے منحرف نہ ہوں۔ اس ضرورت کے تحت کوکن ایجوکیشن اینڈ ویلفیر ٹرسٹ نے یہ بیڑا اٹھایا ہے کہ عصری تقاضوں سے ہم آہنگ اسلامیات کا نصاب مرتب کیا جائے۔ زیرِ نظر کتاب کو اسی مقصد سے تصنیف کیا گیا ہے۔ اس سے



© rasailojaraid.com